DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i4.2511

اردو ترجمہ قرآن پر وقف تجاذب / تعانق کے اثرات: منتخب اردو تراجم کا تجزیاتی مطالعہ

محمد طاہر المصطفیٰ ۞
ناصر محمود ۞

Impact of Waqf-i Tajādhub/ Ta'ānuq on Urdu Translation of the Qur'ān: An Analytical Study of Select Urdu Translations

Muhammad Tahir Al Mustafa ۞
Nasir Mahmood ۞

ABSTRACT: After the compilation of Muṣḥaf-i 'Uthmanī, the punctuation marks were inserted in the Qur'ānic text for the convenience of non-native Arabic speakers to make the understanding of the meaning easy. Among these marks, there is a mark known as Tajādhub/Ta'ānuq (combined optional pause). This mark generally occurs twice in an āyah, and it means to have a full stop while reading this āyah in one place and link the āyah with the following word/verse in another place. This action influences the meaning and interpretation of the āyah as the meaning can be changed in both cases while translating the āyah from Arabic into any other language. This happens because an interpreter has the freedom to elaborate the meaning of the holy Qur'ān in many ways, but a translator converts only the exact meaning of the Arabic text into another language without interpretation. This study aims to find out the impact of this mark on the meaning of the holy Qur'ān and also determines the causes of preferences given by Urdu translators of the holy Qur'ān. This article also explores how translators use the full stop in the verse, how a part of the verse is linked with the following word/verse, and how it impacts the meaning of the verse.
Keywords: Qur'ānic study, Urdu translation, punctuation marks, tajādhub/ta'ānuq, causes of preferences.

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونی ورسٹی آف سیالکوٹ، سیالکوٹ۔
۞ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف سیالکوٹ، سیالکوٹ۔
۞ Assistant Professor, Department of Islamic Studies, University of Sialkot, Sialkot. (h.tahirmustafa@gmail.com)
۞ Assistant Professor, Department of Islamic Studies, University of Sialkot, Sialkot. (nasir.mahmood@uskt.edu.pk)

Summary of the Article

The Qur'ānic text is the ultimate source of guidance for all Muslims regardless of their origins and geographic locations. However, not all of them speak the language in which the Qur'ān was revealed. This fact requires the translation of the meaning of the Qur'ānic text which is associated with certain punctuation marks. These marks play an essential role in understanding the meaning of Qur'ānic text. This paper explores the use and impact of one particular punctuation mark called "Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq" on Urdu translations of the holy text.

After the compilation of Muṣḥaf-i 'Uthmānī, punctuation marks were inserted, beside articulation marks, in the holy text to facilitate readers whose first language was not Arabic. This addition not only helps in the recitation of the Qur'ānic text but also helps in understanding the intended meaning of the Qur'ānic script. These marks and symbols guide the readers about the points of verses where a pause is required and where to start from the next part of the same verse. This practice ultimately affects the meaning associated with that particular verse.

Many books have been written on this issue and described the details of waqf and initiation points. They state that the pause and initiation of the verse shall be considered at such a point that it cannot affect the intended meaning of the text. According to Badr al-Dīn al-Zarkashī, all such symbols of pause and initiation can be divided into two parts:

- **Reflexive Waqf:**

  Reflexive Waqf is the symbol of waqf where a pause is necessary for the reader, otherwise, the meaning of the verse will be changed.

- **Optional Waqf:**

  Optional Waqf refers to those symbols where a pause is not necessary and if the reader does not stop there, this act will not change the intended meaning of the verse.

The optional waqf is further divided into two categories known as Waqf Tāmm (perfect Waqf) and Waqf Nāqiṣ (the imperfect Waqf). The perfect Waqf means that both components of the verse (antecedent and descendant) are independent of each other and separate from the other parts of the verse grammatically and lexically as well. Thus, the reader can pause or skip it as this will not affect the meaning. One of the characteristics of Waqf Tāmm is Murāqabah which means that there are two parts in the concerned verse and if the reader has paused at the first point, it becomes obligatory not to have a pause on the second point and it will be phonetically connected to the descendant part of the verse and vice versa. This waqf is called "Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq," which consists of three dots out of them two are on the line and the third one is in the middle on top of them like this: (∴). According to Shams al-Dīn Muḥammad b. Muḥammad al-Jazarī, Abū 'l-Faḍal al-Rāzī was the first person who noticed it in the Qur'ānic text and introduced the above symbol with the title of Murāqabah.

This paper examines the diversity among Urdu translators of the holy script in terms of taking a pause or skipping it where it occurs. It also analyses the

associated reasons which help understand the impact of this non-revealed symbol of waqf on the meaning of Qur'ānic text while translating it into Urdu language.

Hence, this article examines the impact of "Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq" on the translation of the holy text. The scholars have different opinions about the number of places where Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq occurred in the Qur'ān. Some of them have calculated eight verses having this sort of waqf, some have listed only three and some others have counted thirty-five verses or places where Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq occurred in the Qur'ān.

- In this paper, only five places have been selected due to the general acceptance of them and to avoid the unnecessary length of the article. The analysis of these five places suffices to get an overview of the impact of Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq on the Urdu translations of the Qur'ān. The verses which have been selected for this purpose are:
  - al-Baqarah: 2/2
  - al-Mā'idah: 5/26
  - al-Mā'idah: 5/41
  - al-A'rāf: 7/176
  - Ibrāhīm: 14/9
- To analyse the impact of Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq on Urdu translations of the holy Qur'ān, selective Urdu translations have been taken which can represent translation trends of Indian subcontinent like:
  - Urdu Translation of Shāh 'Abd al-Qādir Dihlavī
  - Urdu translation of Sir Syed Ahmad Khan
  - Urdu translation of Aḥmad Rażā Khān Barailvī
  - Urdu translation of Ashraf 'Alī Thānvī
  - Urdu translation of Muḥammad Jūnāgarhī
- Urdu translations of a verse containing Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq have been mentioned consecutively under the verse so that the differences between the selective five translations can be observed and compared simultaneously.
- After describing the selected verse and its translation, it is discussed in detail to clarify the differences arising in the form of waqf mentioned above.

Results

After the detailed overview of Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq, its definitions, types, symbols and an analysis of the impact of this waqf on Urdu translations of the selected five places where this waqf occurred in the Qur'ān, the following results and findings have been calculated:

- Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq is an unrevealed symbol which was introduced after the era of the Prophet Muḥammad (PBUH). The purpose of introducing it was to keep the meanings of the holy Qur'ān clear and understandable.
- There is a difference of opinion among scholars regarding the places of Waqf-i Tajādhub/Ta'ānuq in the holy Qur'ān. The reason for this

difference is based on the interpretational diversity of the Qur'ānic verses. Therefore, Waqf-i Tajādhub/Taʻānuq cannot be considered a definite sign or symbol of waqf.

- The experts of Qur'ānic sciences consider this waqf as Waqf-i Tāmm (perfect waqf) in which both components of the verse are independent. Therefore, even if waqf or waṣal is not excluded from any of these signs, the meaning will remain correct.
- Wherever the pause has been taken on such verse, it generally does not change the meaning instead, it creates diversity in the meanings of the Qur'ān. This study has revealed that the effects of Waqf-i Tajādhub/Taʻānuq on the translation of the Qur'ān lead to the expansion of the meanings of the Qur'ān and it is assumed that if the remaining verses or places of Waqf-i Tajādhub/Taʻānuq are evaluated, probably the similar results will be produced. However, it is suggested to evaluate all other places in the light of other Urdu translations to explore the impact of Waqf-i Tajādhub/Taʻānuq on Urdu translations other than the translations that have been discussed in this paper.

۱۔ تمہید وتعارف

مصاحفِ عثمانی کی تدوین کے بعد قرآن کریم کی قراءت کو آسان بنانے اور اس کے معانی کی معرفت کے لیے نقاط اور حرکات کے علاوہ مقامات وقف وابتدا پر بھی غور کیا گیا۔ آٹھویں صدی ہجری کے مشہور امام بدر الدین محمد بن عبد اللہ بہادر زرکشی (۷۴۵ھ-۷۹۴ھ) کی **البرهان في علوم القرآن** میں بیان کردہ روایت کے مطابق صحابہ کرام نبی اکرم ﷺ سے قرآن کے حلال و حرام کی طرح وقف وابتدا کی تعلیم بھی حاصل کیا کرتے تھے۔[۱] آٹھویں، نویں صدی ہجری کے قراءت و تجوید کے امام شمس الدین محمد بن محمد جزری (۷۵۱ھ-۸۳۳ھ) نے **النشر في القراءات العشر** میں لکھا ہے کہ کسی بھی شخص کے لیے ایک سانس میں پورے قرآن کو پڑھنا ممکن نہیں ہے، اس لیے کچھ مقامات پر وقف کرتے ہوئے مناسب مقام سے ابتدا کرنی چاہیے۔[۲] اس فن سے الفاظ قرآن کی ادائی کے ساتھ ساتھ معانی قرآن کی معرفت بھی ممکن ہوتی ہے۔ اس فن پر متعدد کتب لکھی گئیں۔ تنبیات اور ضوابط وقف وابتدا کی تفصیلات کو یہاں بیان کرنا طوالت کا باعث ہے، البتہ مصنفین نے وقف کی

۱۔ محمد بن عبد اللہ بہادر بدر الدین الزرکشی، **البرهان في علوم القرآن** (قاہرہ: مكتبة دار التراث، ۱۹۸۴ء)، ۱: ۳۹۳۔

۲۔ محمد بن محمد الجزری، **النشر في القراءات العشر** (بیروت: دار الكتب العلمية)، ۱: ۲۲۴، س۔ن۔

جتنی بھی اقسام یا مراتب بیان کیے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ وقف اور ابتدا ایسے الفاظ و حروف پر کیا جائے جن سے معانی قرآن پر فرق نہ پڑے۔ بدر الدین محمد بن عبد اللہ زرکشی لکھتے ہیں کہ خلاصے کے طور پر تمام تقسیماتِ وقف کو دو طرز پر رکھا گیا ہے: وقفِ اضطراری اور وقفِ اختیاری۔ وقف اضطراری یہ ہے کہ جہاں قاری کا سانس ٹوٹ جائے۔ وقف اختیاری وہ ہے کہ جس سے دو اقوال جدا جدا نہیں ہوتے اور اسے ہی افضل سمجھا گیا ہے۔ وقف اختیاری کی اپنے انفصال کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: اول تام ہے اور ثانی ناقص۔ یہاں وقف تام سے مراد یہ ہے کہ قول کے دونوں اجزا ایک دوسرے سے مستغنی ہوتے ہیں اور دوسرے قول سے بھی الگ ہوتے ہیں۔ جیسے ﴿اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ﴾ میں سے ﴿نَسْتَعِیْنُ﴾ پر وقف کرنا، کیوں کہ یہ مابعد سے نحوی افادہ اور لفظی تعلق سے مستغنی ہے۔ وقف تام کے خواص میں سے ہی مراقبہ ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کلام میں بہ طریقِ بدل دو مقطع ہوں ان میں سے کسی ایک پر وقف کر لیا جائے تو دوسرے پر وصل واجب ہے۔ اسی کو مراقبہ / تجاذب یا تعانق کہتے ہیں۔[۳] اس کی علامت تین نقاط (∴) کے طور پر آتی ہے۔ شمس الدین محمد بن محمد جزری نے لکھا ہے کہ وقف میں مراقبہ پر سب سے پہلے استاذ ابو الفضل الرازی[۴] (۳۷۱ھ-۴۵۴ھ) نے تنبیہ فرمائی اور اسے عروض کی اقسام میں سے مراقبہ کے طور پر اخذ کیا۔[۵] زیر نظر مضمون میں یہ دیکھا گیا ہے کہ ان مقامات معانقہ پر اردو مترجمین قرآن کے ہاں وقف و فصل کرنے میں کیا تنوع ہے اور منتخب شدہ ترجیح وقف کی کیا وجوہات ہیں۔ اس سے یہ جاننے میں بھی مدد ملے گی کہ اس غیر الہامی علامت وقف کی وجہ سے مترجمین کے مختلف مقامات پر وقف و فصل سے معانی قرآن پر کیا اثرات پڑتے ہیں۔

۲- سابقہ کام کا جائزہ

وقف تجاذب / تعانق پر لکھی جانے والی کتب کی دو نوعیتیں ہیں۔ اول: جن کتب میں وقف تجاذب / تعانق کے اجرا، اصول و ضوابط اور مقامات کا تذکرہ ہے۔ دوم: وہ کتب و مقالات جن میں وقف تجاذب / تعانق کے معانی قرآن پر اثرات کو بیان کیا گیا ہے۔ اول نوعیت کی کتب میں پندرھویں صدی عیسوی کے شمس الدین محمد بن

۳- الزرکشی، مصدرِ سابق، ۱: ۳۶۵۔

۴- ان کا پورا نام عبد الرحمن بن احمد بن الحسن بن بندار ابن جبریل بن محمد بن علی بن سلیمان العجلی الرازی (ابو الفضل) ہے۔ آپ مقری اور نحو و ادب میں ماہر تھے۔ مکہ میں پیدا ہوئے اور نیشاپور میں وفات پائی۔

۵- الجزری، مصدرِ سابق، ۱: ۲۳۸۔

محمد جزری کی **النشر في القراءات العشر** سے لے کر اکیسویں صدی عیسوی کے مشہور مقری محمد ادریس العاصم (۱۹۵۴ء-۲۰۲۲ء)[۶] کی **الاهتداء في الوقف والابتداء** تک کی کتب ہیں جن میں وقف تجاذب / تعانق / مراقبہ یا معانقہ پر بحث کی گئی ہے۔ اقسام وقف میں سے اس کے مقام کو واضح کیا ہے۔ قرآن کریم میں جن جن مقامات پر یہ وقف آتا ہے وہ بیان کیے گئے ہیں۔ ان مقامات وقف میں قرا کے اختلاف کو بھی بیان کیا گیا ہے۔ تجوید و قراءت اور وقف و ابتدا پر اردو زبان میں لکھی گئی کتب میں بھی وقف تجاذب / تعانق کا ذکر موجود ہے۔ دوم نوعیت کی کتب و مقالات میں وقف معانقہ کے قرآن کریم میں استعمالات اور پھر ان کے معانی قرآن پر اثرات کے حوالے سے چند کتب و مقالات لکھے گئے ہیں۔ اس مقالے میں چوں کہ وقفِ تجاذب / تعانق کے اردو ترجمۂ قرآن پر اثرات کا جائزہ لینا مقصود ہے، اس لیے صرف دوم نوعیت کی کتب و مقالات کا خلاصہ یہاں پیش کیا جاتا ہے:

۲.۱- معانقہ فی القرآن الکریم

یہ کتاب جامعہ ام القریٰ کے حالیہ استاذ عبد العزیز بن علی الحربی[۷] نے **وقف التجاذب (المعانقة) في القرآن الكريم** کے عنوان سے لکھی۔ اس کتاب کو مصنف نے دو فصول اور ایک خاتمے میں تقسیم کیا ہے۔ پہلی فصل کے تحت چار مباحث ہیں جن میں بالترتیب وقف و ابتدا کی تعریف، علما کے ہاں وقف کی اہمیت و ضرورت، اقسام وقف، قطع اور سکوت کے علاوہ معانقہ کی تعریف اور مختلف اسما پر بحث کی ہے۔ دوسری فصل میں قرآن کریم میں جہاں جہاں وقفِ معانقہ آیا ہے ان کی جانبِ تطبیق کو بیان کیا ہے جس میں ان کا منہج یہ ہے کہ وقف معانقہ والی آیت کو ذکر کر کے اس میں سے مقامات تجاذب ذکر کرتے ہوئے دونوں ممکنہ قراءتوں کو بیان کرتے ہیں۔ بعد ازاں دونوں مقامات میں سے کسی ایک پر وقف اور دوسرے پر وصل کر کے آیت کے ممکنہ اعراب (تراکیب) کو بیان کرتے ہیں۔ پھر اس آیت کے جس مقام پر جمہور مفسرین نے توقف کیا ہے، اسے مع وجوہ ترجیح

۶- دوسری صدی ہجری کے امام عاصم بن ابی النجود الکوفی (جو کہ قراے سبعہ میں شمار ہوتے ہیں) کی طرف نسبت کی وجہ سے آپ "العاصم" کہلائے۔ مدینہ یونی ورسٹی، مدینہ منورہ کے فاضل تھے۔ تجوید و قراءت میں متعدد کتب تصنیف فرمائیں۔

۷- استاذ مساعد، كلية الدعوة واصول الدين، قسم الكتاب والسنة، جامعہ ام القرىٰ، مكہ مكرمہ۔

بیان کرتے ہیں۔ اس معاملے میں اگر کسی مقام پر وقف یا وصل پر اجماع یا کسی وقف کو قبیح قرار دیا گیا ہو تو اسے بھی بیان کرتے ہیں۔[۸]

۲.۲– وقف التجاذب (المعانقة) في القرآن

یہ مضمون علی راضی ابوذریق[۹] نے عربی زبان میں لکھا ہے جس میں عبد العزیز بن علی الحربی کے درج بالا مقالے پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ بتایا گیا ہے کہ قرآن کریم میں وقف تجاذب صرف چھ مقامات پر ہے جن پر علماے علوم القرآن کا بھی اتفاق ہے۔ ان چھ آیات کے مقامات وقف میں سے ترجیحی مقامات وقف کو واضح کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ وقف تجاذب بدعت ہے جو عہد نبوی میں معروف نہ تھی اور نہ صحابہ کرام ہی اس سے آگاہ تھے، بلکہ یہ اصطلاح چوتھی یا پانچویں صدی ہجری میں متعارف ہوئی اور اس کے ظہور کا سبب یہ تھا کہ آیات کے فہم میں جو دقت ہے اسے دور کیا جا سکے۔ ضروری ہے کہ فہم آیات کے سلسلے میں علمی بنیادوں پر یہ کوشش کی جائے کہ ظن و تخمینہ کو قبول نہ کیا جائے۔[۱۰]

۳.۲– تعانق الوقف في القرآن الكريم دراسة موضوعية دلالية

پچیس صفحات پر مشتمل یہ مقالہ محمد عادل شوک[۱۱] نے لکھا جو کہ دسمبر ۲۰۱۲ میں مرکز جمعة الماجد دبئ کے مجلہ **آفاق الثقافة والتراث** کے شمارہ نمبر ۸۰ میں شائع ہوا۔ اس مقالے میں فاضل مصنف نے وقف کی تعریف، اس کی ضرورت، شرائط، اقسامِ وقف، علاماتِ وقف کے متعلق علما کی آرا اور اصطلاحاتِ وقف کے علاوہ

۸– عبد العزیز بن علی الحربی، "معانقة في القرآن الكريم"، **مجلة جامعة أم القرى لعلوم الشريعة واللغة العربية وآدابها**،۱۹: ۳۱، (رمضان ۱۴۲۵ھ)۔

۹– آپ ایک بلاگر ہیں۔ آپ اپنے فیس بک اکاونٹ کے مطابق امریکن یونی ورسٹی آف بیروت کے فاضل ہیں اور اردن میں مقیم ہیں۔

۱۰– علی راضی، ابوزری، وقف التجاذب (المعانقة في القرآن الكريم)، http://abuzurayk.blogspot.com/2018/03/blog-post_26.html, accessed September 19, 2022.

۱۱– اسسٹنٹ پروفیسر کنگ خالد یونی ورسٹی ابھا۔

مختلف ائمۂ قراءت کی قراءت پر رائج مختلف جگہوں کے متعدد مصاحف میں علامتِ وقف وترقیم کا جائزہ بھی لیا ہے ، بعد ازاں وقف تعانق، کی تعریف، علامت، اس کی ضرورت، اس کے نام میں علما کا اختلاف اور اس کے قرآن میں مواضع پر تفصیلی بحث کی ہے۔

۴.۲– من إشكاليات الترجمة وقف المعانقة في القرآن الكريم

حمدی بخیت عمران [۱۲] نے یہ کتاب لکھی ہے جس کی پہلی فصل میں انھوں نے وقف و ابتدا کی تعریف، اقسامِ وقف، قطع اور سکوت کے علاوہ معانقہ کی تعریف، ترجمۂ قرآن کی تعریف، اقسامِ ترجمہ اور احکامِ ترجمہ کو بیان کرنے کے بعد یہ واضح کیا ہے کہ جامعہ الازہر مصر نے غیر عربی زبانوں میں قرآن کریم کے لفظی ترجمے سے منع کیا ہے اور صرف تفسیرِ قرآن کے ترجمے کی اجازت دی ہے۔ حمدی بخیت عمران کے نزدیک قرآن کریم کے چالیس مقامات پر وقف تجاذب موجود ہے۔ انھوں نے دوسری فصل کا عنوان الدراسة التطبيقية رکھا ہے جس کا منہج یہ ہے کہ وقف تجاذب والی آیت کا ذکر کرتے ہیں پھر اس میں وقف تجاذب / تعانق والے مقامات کی وضاحت کرتے ہوئے دونوں مقامات پر وقف و وصل کے امکانات و معانی کو واضح کرتے ہیں۔ پھر جس مقام پر اکثر مفسرین کے مطابق وقف راجح ہو اس کو ذکر کرتے ہیں اور آیت کی اسی وقف کے مطابق تفسیر کرتے ہیں۔ پھر اسی تفسیر کو واضح کرتے ہوئے انگریزی زبان میں ترجمۂ قرآن لکھتے ہیں۔ اس سے شاید وہ یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ علمائے ازہر کا یہ موقف درست ہے کہ اجنبی زبانوں میں بلاواسطہ ترجمہ قرآن مناسب نہیں ہے، بلکہ پہلے قرآن کی تفسیر عربی سے ہی سمجھی جائے اور جمہور مفسرین کی رائے جاننے کے بعد اس کا ترجمہ کیا جائے۔

مندرجہ بالا کتب و مقالات کے خلاصے سے معلوم ہوتا ہے کہ وقف تجاذب / تعانق کے معانی قرآن پر اثرات کے حوالے سے عربی زبان میں کام ہوا ہے۔ اردو زبان میں اس پر کتب موجود نہیں ہیں۔ بالخصوص اردو تراجم قرآن پر اس کے اثرات کے حوالے سے کوئی بھی کتاب یا مقالہ موجود نہیں ہے۔ اس لیے اس مقالے میں وقف تجاذب / تعانق کے اردو تراجم قرآن پر اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

۱۲– استاذ العلوم اللغويه في كلية العلوم الإسلامية بغير سون تركيا وكلية الآداب بجامعة جنوب الوادي مصر۔

۳- وقفِ تجاذب کی تعداد اور مقامات

قرآن کریم میں وقف تجاذب / تعانق کے مقامات میں علما کے ہاں اختلاف ہے۔ عادل شوک نے اپنے مطبوعہ مقالے "تعانق الوقف في القرآن الكريم دراسة موضوعية دلالية" میں قرآن کریم میں مقامات تعانق پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ شمس الدین محمد بن محمد جزری نے **النشر في القراءات العشر** میں مقامات وقف تجاذب آٹھ بیان کیے ہیں،[۱۳] نویں صدی ہجری کے محدث، فقیہ اور مؤرخ جلال الدین عبد الرحمٰن السیوطی (۸۴۹-۹۱۱ھ) نے **الإتقان في علوم القرآن** میں صرف تین مقامات ذکر کیے ہیں؛[۱۴] جب کہ شیخ محمد مکی نصر (م ۱۳۲۲ھ) کی کتاب **نهاية القول المفيد في علم التجويد** میں مقامات وقف کی تعداد پینتیس (۳۵) بیان کی ہے۔[۱۵] عادل شوک مزید لکھتے ہیں کہ وہ مصاحف جو حفص کی عاصم سے روایت پر مطبوعہ ہیں، ان میں بھی یہ نوع وقف پائی جاتی ہے۔ اگرچہ مواضع وقف اور تعداد میں فرق ہے۔ وہ مصحف جو دار الرشید، دمشق، بیروت نے محمد حسن الحمصی کے حاشیہ **مفردات القرآن** کے ساتھ ۱۴۰۶ھ میں شائع کیا اس میں صرف ایک مقام پر وقف تعانق ہے اور وہ سورۃ البقرہ کی دوسری آیت ہے۔

مزید دو مصاحف جن میں سے ایک مصحفِ مدینہ جو کہ روایت حفص عن عاصم پر مطبوع ہے اور دوسرا وہ مصحف جو دارالفکر، بیروت نے ۲۰۰۲ء میں شائع کیا۔ مصاحفِ مدینہ کے قبول عام اور اس کے روایت حفص پر ہونے کی وجہ سے صر ف انھی پانچ مقامات کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اس انتخاب کی ایک وجہ اختصار بھی ہے۔ اگر بیس یا چالیس آیات منتخب کی جائیں تو بحث طوالت اختیار کر جائے گی۔ انھی آیات کے مقامات وقف پر بحث سے اردو تراجم پر وقف تجاذب / تعانق کے اثرات کا کسی حد تک اندازہ ہو جائے گا۔ وہ مقامات وقف تجاذب یہ ہیں:

- البقرہ:۲/۲

۱۳- الجزری، مصدرِ سابق،۲۳۷:۱ -۲۳۸۔

۱۴- عبد الرحمن بن ابی بکر جلال الدین السیوطی، **الإتقان في علوم القرآن** (سعودی عرب: وزارت الشؤون الإسلامية والأوقاف الدعوة والإرشاد، س-ن)، ۲۴۱:۱۔

۱۵- شیخ محمد مکی نصر، **نهاية القول المفيد في علم التجويد** (قاہر: مکتبة الصفا، ۱۴۲۰ھ)، ۲۲۴۔

- المائدہ:۵/۲۶
- المائدہ:۵/۴۱
- الاعراف:۷/۱۷۶
- ابراہیم:۱۴/۹

ان میں سے تیسرے مقام وقف تجاذب / تعانق کے اردو تراجم پر کوئی اثرات یا اختلاف واضح نہیں تھے۔ اس لیے اسے شامل بحث نہیں کیا گیا۔

۴۔منتخب تراجمِ قرآن کی روشنی میں وقفِ تجاذب / تعانق کے اثرات کا جائزہ

- وقف تجاذب / تعانق کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے برصغیر کے نمائندہ تراجم کو لیا گیا ہے ذیل میں ان کا اجمالا تعارف درج ہے:

مترجم کا نام	ترجمہ کا نام	سن وفات
شاہ عبدالقادر دہلوی	**موضح قرآن**	(متوفی ۱۲۳۰ھ بمطابق ۱۸۱۴ء)
سر سید احمد خان	**تفسیر القرآن وھو الھدٰی والفرقان**	(متوفی ۱۸۹۸ء)
احمد رضا خان بریلوی	**کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن**	(متوفی ۱۳۴۰ھ بمطابق ۱۹۲۱ء)
اشرف علی تھانوی	**بیان القرآن**	(متوفی ۱۳۶۲ھ بمطابق ۱۹۴۳ء)
محمد جوناگڑھی	**ترجمہ مکہ**	(متوفی ۱۹۴۱ء)

البتہ اگر کسی آیت کے تحت ان تراجم پر مقامات وقف کے اثرات / اختلاف معلوم نہ ہوتو پھر دیگر صرف وہ تراجم لیے گئے ہیں جن پر وقف تجاذب / تعانق کے اثرات موجود ہوں۔ ان کا اجمالی تعارف ذیل میں درج ہے:

ابوالحسنات سید احمد قادری	**تفسیر الحسنات**	(متوفی ۱۹۶۱ء)
مفتی محمد شفیع	**معارف القرآن**	(متوفی ۱۹۷۶ء)
عبدالرحمن کیلانی	**تیسیر القرآن**	(متوفی ۱۹۹۵ء)

- وقف تجاذب / تعانق والی آیت کے تحت اردو تراجم قرآن کو بیک نظر ذکر کیا گیا ہے تاکہ تراجم کے مابین فرق کو بھی بیک نظر ملاحظہ کیا جاسکے۔

- منتخب شدہ آیت اور اس کا ترجمہ بیان کرنے کے بعد اس پر تفصیلی بحث کی گئی تا کہ مذکورہ بالا وقف کی صورت میں پیدا ہونے والے فرق کو واضح کیا جا سکے۔

ذیل میں اردو ترجمۂ قرآن پر وقف تجاذب / معانقہ کے اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

مثال: ۱ ﴿ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ﴾[۱۶]

۲- اس کتاب میں کچھ شک نہیں، راہ بتاتی ہے ڈر والوں کو	شاہ عبد القادر
وہ کتاب ہے پرہیز گاروں کے لیے اس کے راہ نما ہونے میں کچھ شک نہیں	سر سید
وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں، (ف ۳) اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو	احمد رضا
یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں (ف ۲) راہ بتلانے والی ہے خدا سے ڈرنے والوں کو	اشرف علی تھانوی
اس کتاب (کے اللہ کی کتاب ہونے) میں کوئی شک نہیں (۱) پرہیز گاروں کو راہ دکھانے والی ہے	جونا گڑھی

اس آیت میں ﴿لَا رَيْبَ﴾ اور ﴿فِيْهِ﴾ کے بعد وقف تجاذب کی علامات آئی ہیں۔ قاعدہ کے مطابق بیک وقت ان میں سے کسی ایک پر وقف اور دوسری پر وصل کرنا ضروری ہے۔ تلاوتِ قرآن کرتے ہوئے دو مقامات میں سے کسی ایک مقام وقف تعانق پر وصل یا فصل کے لزوم پر کسی بھی ماہر فنِ قراءت نے کلام نہیں کیا۔ مگر دیکھنے میں آیا ہے کہ وقف تجاذب کے تراجم قرآن پر بھی اثرات واضح ہیں۔ منتخب مترجمین کے ہاں ترجمہ کرتے ہوئے اس وقف کو برتنے کے حوالے سے تین رجحانات سامنے آئے ہیں:

اول: پہلے مقام پر وصل اور دوسرے پر فصل کیا جائے۔ اس صورت میں تقدیر کلام یوں ہو گا:
ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ (هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ)

دوم: پہلے مقام پر فصل اور دوسرے مقام پر وصل کیا جائے۔ اس صورت میں تقدیر کلام یوں ہو گا: **ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ (فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ)**

۱۶- القرآن، ۲: ۲۔

تیسرا: علامات وقف تجاذب کی رعایت ہی نہ کی جائے۔ اس صورت میں تقدیر کلام یوں گا: **ذٰلِكَ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ**

پہلے رجحان کے مطابق شاہ عبد القادر دہلوی[۱۷] (۱۱۶۶ھ-۱۲۳۰ھ)، اشرف علی تھانوی[۱۸] (۱۸۶۳ء-۱۹۴۳ء) اور جونا گڑھی[۱۹] (۱۸۹۰ء- ۱۹۴۱ء) کے تراجم ہیں۔ دوسرے رجحان کے مطابق احمد رضا بریلوی[۲۰] (۱۸۵۶ء-۱۹۲۱ء) کا ترجمہ ہے۔ سر سید احمد خان (۱۸۱۷ء-۱۸۹۸ء) کا ترجمہ تیسرے رجحان کے مطابق ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ دونوں مقامات پر علی حدہ علی حدہ وقف و وصل کرنے سے آیت کی مختلف تراکیب بنتی ہیں۔ انھی تراکیب سے معانی ترکیب پاتے ہیں۔ اگر ﴿لَا رَيْبَ﴾ پر وقف کیا جائے تو معنی یہ بنتے ہیں کہ یہ کتاب شک و شبہ سے پاک ہے۔ اور ﴿فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ﴾ کا ترجمہ یہ بنتا ہے کہ اس میں ہدایت ہے پرہیز گاروں کے لیے۔ اگر ﴿لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ﴾ پر وقف کیا جائے تو بھی معنی تو یہی بنتا ہے کہ اس کتاب میں شک نہیں۔ ہدایت ہے متقین کے لیے۔ لہٰذا علم ہوتا ہے کہ اگرچہ ﴿لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ﴾ پر وقف کرنا زیادہ بلیغ ہے۔ مگر اردو میں دونوں صورتوں میں معنی واضح ہو جاتا ہے۔

سر سید احمد خان[۲۱] کا اسلوب مذکورہ دونوں اسالیب سے مختلف ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ "وہ کتاب ہے

۱۷- آپ شاہ ولی اللہ کے تیسرے صاحب زادے ہیں۔ ہندی معروف (اردو) میں پہلا مکمل ترجمہ بنام **موضح قرآن** ۱۲۰۵ھ میں کیا۔ علوم الٰہیہ میں ممتاز علما میں سے تھے۔

۱۸- آپ ہندوستان کے دیوبندی حنفی عالم اور صوفی منش انسان تھے۔ **بیان القرآن** اور **بہشتی زیور** جیسی کئی کتابوں کے مصنف تھے۔

۱۹- آپ برطانوی ہند میں عالم دین تھے۔ آپ نے **تفسیر ابن کثیر** اور **اعلام الموقعین** جیسی ضخیم اور معرکہ آرا کتابوں کے ترجمہ کے علاوہ دیگر مفید اور علمی کتابوں کو عربی سے اردو میں منتقل کیا۔ آپ کے ترجمہ قرآن کو وزارت اوقاف سعودی عرب نے صلاح الدین یوسف کی تفسیر کے ساتھ شائع کیا ہے۔

۲۰- آپ نام ور حنفی عالم، فقیہ، محدث، اصولی، نعت گو شاعر، علوم نقلیہ وعقلیہ کے ماہر، سلسلہ قادریہ کے شیخ، عربی، فارسی اور اردو کی کثیر کتابوں کے مصنف تھے جن میں مشہور ترجمۂ قرآن **کنز الایمان**، فتاوی کا مجموعہ **فتاویٰ رضویہ** اور نعتیہ دیوان **حدائق بخشش** مشہور ہیں۔

۲۱- انیسویں صدی کے ایک ہندوستانی مسلم راہ نما، مصلح اور فلسفی تھے۔ مسلمانوں کو جدید تعلیم کی طرف راغب کرنے کے لیے خدمات سرانجام دیں۔ اسلام کو سائنس اور جدیدیت کے ساتھ ہم آہنگ بنانے کے لیے عقلیت پسند روایت کے حامی تھے۔

پرہیز گاروں کے لیے اس کے راہ نما ہونے میں کچھ شک نہیں" وہ کتاب کا تعلق متقین سے بناتے ہیں اور ﴿لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى﴾ کا ترجمہ ایک ساتھ یعنی بغیر کسی وقف کے کرتے ہیں۔ جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وقف تجاذب کا خیال رکھے بغیر بھی ترجمہ قرآن کیا جاسکتا ہے۔

درج بالا بحث سے یہ نکات سامنے آتے ہیں۔

۱. وقف تجاذب / تعانق کا مقصد قراءت میں تسہیل پیدا کرنا ہے، معانی قرآن کو واضح کرنا ہے؛ کیوں کہ اس کے دونوں مقامات پر وصل سے معنی میں خلل پیدا ہوتا ہے۔

۲. ترجمۂ قرآن میں قراءت مقصود نہیں ہوتی، بلکہ صرف معانی قرآن کا فہم مقصود ہے۔

۳. مترجم اپنے لغوی ذوق سے جہاں وقف مناسب سمجھتا ہے وہاں وقف کر کے معانی قرآن کو دوسری زبان میں منتقل کرتا ہے۔

۴. وقف تجاذب / تعانق کے دونوں مقامات میں سے کسی ایک مقام پر وقف یا وصل کرنے سے ایک آیت کی مختلف تراکیب سامنے آتی ہیں۔ انھیں تراکیب کے اختلاف کا اثر پھر اردو ترجمۂ قرآن پر بھی ہوتا ہے۔

سابقہ صفحات میں یہ بات بھی بیان ہوئی ہے کہ وقف تجاذب / تعانق ایک غیر الہامی علامت ہے۔ اس پر وقف و وصل ممدوح ضرور ہے مگر اردو ترجمے میں ایسا رجحان بھی دیکھا گیا ہے کہ اس کا خیال ہی نہیں رکھا گیا اور ترجمہ کر دیا گیا ہے۔ دل چسپ امر یہ ہے کہ وقف تجاذب کا لحاظ کیے بغیر جو ترجمہ کیا گیا ہے وہ بھی صحیح معنی دے رہا ہے۔

وقف تجاذب / تعانق جس مقام پر بھی کیا جائے دونوں صورتوں میں جو معانیٔ قرآن سامنے آتے ہیں وہ درست ہیں۔

مثال:۲

﴿قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ﴾[۲۲]

۲۲- القرآن،۵: ۲٦۔

شاہ عبد القادر	کہا تو وہ ان سے بند ہوئی چالیس برس۔ سر مارتے پھریں گے ملک میں۔ سو تو افسوس نہ کر بے حکم لوگوں پر۔
سر سید احمد خان	خدا نے کہا تو بے شک وہ (پاک زمین) حرام کی گئی ان پر چالیس برس تک ڈاوانڈول پھریں گے زمین میں پس غم نہ کھا اوپر اس نافرمان قوم کے
احمد رضا خان	فرمایا تو وہ زمین ان پر حرام ہے (ف۷۷) چالیس برس تک بھٹکتے پھریں زمین میں (ف۷۸) تو تم ان بے حکموں کا افسوس نہ کھاؤ،
اشرف علی تھانوی	ارشاد ہوا تو یہ ملک ان کے ہاتھ چالیس برس تک نہ لگے گا یوں ہی زمین میں سر مارتے پھرتے رہیں گے (ف۱) سو آپ اس بے حکم قوم پر غم نہ کیجیے۔
جونا گڑھی	ارشاد ہوا کہ اب زمین ان پر چالیس سال تک حرام کر دی گئی ہے، یہ خانہ بدوش ادھر ادھر سر گرداں پھرتے رہیں گے (۱) اس لیے تم ان فاسقوں کے بارے میں غم گین نہ ہونا

اس آیت میں دونوں مقامات پر وصل اور فصل کی صورتیں یوں بنتی ہے:

اول: قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ(يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ)

دوم: قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ (أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ)

شاہ عبد القادر، سر سید احمد خان، اشرف علی تھانوی اور جونا گڑھی کے تراجم پہلی صورت کے مطابق ہیں۔ اور احمد رضا خان کا ترجمہ دوسری صورت کے مطابق ہے۔ عہد عباسی کے مشہور مفسر ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید طبری (۲۲۴ھ-۳۱۰ھ) لکھتے ہیں:

اختلف أهل التأويل في الناصب للأربعين، فقال بعضهم: الناصب له قوله: {مُحَرَّمَةٌ} وإنما حرّم الله جلّ وعزّ على القوم الذين عصوه وخالفوا أمره من قوم موسى وأبوا حرب الجبارين، دخولَ مدينتهم أربعين سنة، وقال آخرون: بل الناصب للأربعين: {يَتِيهُونَ فِي الأَرْضِ}. قالوا: ومعنى الكلام: قال: فإنها محرّمة عليهم أبداً يتيهون في الأرض أربعين سنة. (۲۳)

(اہلِ تاویل أربعين کو نصب دینے والے عامل کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں۔ چناں چہ بعض کہتے ہیں کہ عاملِ

۲۳- محمد بن جریر الطبری، **جامع البيان عن تأويل آي القرآن** (بیروت: مؤسسة الرسالة،۲۰۰۰ء)،۱۰: ۱۹۰۔

ناصب مُحَرَّمَةٌ ہے اور معنیٰ یہ ہو گا کہ اللہ عزوجل نے موسیٰ کی قوم سے نافرمان، ان کے حکم کی مخالفت کرنے والوں اور جبارین سے لڑائی سے انکار کرنے والوں پر ان کا شہر چالیس سال کے لیے حرام کر دیا۔ دیگر حضرات کا موقف یہ ہے کہ أربعین کا عامل ناصب یَتِیھُونَ فِي الأرْضِ ہے۔ اس صورت میں کلام کا معنیٰ یہ ہو گا: وہ زمین ان پر ہمیشہ حرام ہو گئی، وہ چالیس سال تک زمین میں بھٹکتے رہیں گے۔)

پہلی صورت میں اس زمین کی تحریم دوامی نہیں بلکہ عارضی معلوم ہوتی ہے؛ جب کہ دوسری صورت میں یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ زمین بنی اسرائیل پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حرام کر دی گئی تھی اور وہ چالیس سال تک خوار ہوتے رہے۔ ابن جریر طبری نے ان دو نقطہ ہائے نظر پر مختلف اقوال ذکر کیے ہیں۔ یوں اس مثال سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وقفِ معانقہ کی وجہ سے معانی قرآن میں وسعت بھی پیدا ہوتی ہے۔

مثال:۳

﴿وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۚ شَهِدْنَا ۚ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝﴾ (۲۴)

۱۷۲۔ اور جس وقت نکالی تیرے رب نے، آدم کے بیٹوں سے ان کی پیٹھ سے ان کی اولاد، اور اقرار کروایا ان سے ان کی جان پر۔ کیا میں نہیں ہوں رب تمھارا؟ بولے، البتہ! ہم قائل ہیں۔ کبھی کہو قیامت کے دن، ہم کو اس کی خبر نہ تھی۔	شاہ عبد القادر
اور جب کہ لیا یعنی پیدا کیا تیرے پروردگار نے بنی آدم سے ان کے پیٹوں سے ان کی ذریت کو اور خود ان کو ان کے اوپر گواہ کیا۔ کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ہوں۔ بولے کیوں نہیں ہم گواہ ہیں۔ تاکہ تم نہ کہو قیامت کے دن کہ بے شک ہم اس سے بے خبر تھے	سر سید احمد خان
اور اے محبوب! یاد کرو جب تمھارے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی نسل نکالی اور انھیں خود ان پر گواہ کیا کیا میں تمھارا رب نہیں (ف ۳۳۵) سب بولے کیوں نہیں ہم گواہ ہوئے (ف ۳۳۶) کہ کہیں قیامت کے دن کہو کہ ہمیں اس کی خبر نہ تھی	احمد رضا خان

۲۴- القرآن،۷: ۱۷۲۔

اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے انھیں کی متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں، سب نے جواب دیا کیوں نہیں ہم (سب اس واقعہ کے) گواہ بنتے ہیں تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے۔	اشرف علی تھانوی
اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان ہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا کیوں نہیں! ہم سب گواہ بنتے ہیں۔ تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہو کہ ہم تو اس سے محض بے خبر تھے۔	جوناگڑھی
اور جب نکالا تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو اور اقرار کرایا ان سے ان کی جانوں پر کیا میں نہیں ہوں تمھارا رب بولے ہاں، ہم اقرار کرتے ہیں، کبھی کہنے لگو قیامت کے دن ہم کو تو اس کی خبر نہ تھی	مفتی محمد شفیع
اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب آپ کے پروردگار نے بنی آدم کی پشتوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور انھیں خود اپنے اوپر گواہ بنا کر پوچھا: "کیا میں تمھارا پروردگار نہیں؟" وہ (ارواح) کہنے لگیں: "کیوں نہیں! [۱۷۵] ہم یہ شہادت دیتے ہیں" (اور یہ اس لیے کیا) کہ قیامت کے دن تم نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس بات سے بالکل بے خبر تھے	عبد الرحمان کیلانی

اس آیت میں ﴿بَلٰى ۛ﴾ کے بعد اور ﴿شَهِدْنَا ۛ﴾ کے بعد علامت وقف تعانق ہے۔ ان میں سے کسی ایک مقام پر وقف کیا جاسکتا ہے۔ دونوں مقامات پر وقف و وصل کی صورت میں تقدیر کلام یوں ہوں گے۔

- وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۛ (شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿﴾)
- وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ (اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿﴾)

ساتویں صدی ہجری کے اندلسی مفسر اور فقیہ شمس الدین محمد بن احمد قرطبی (۶۰۰ھ-۶۷۱ھ) اپنی مایۂ ناز تفسیر الجامع لأحكام القرآن میں لکھتے ہیں کہ مجاہد، ضحاک اور سدی کے قول کے مطابق جب ذریت

آدم سے عہد لیا گیا کہ "کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں" تو سب نے کہا ﴿بَلٰی ۚ﴾ تو اللہ نے فرشتوں سے کہا کہ گواہ بن جاو۔ تو فرشتوں نے کہا: " شَهِدْنَا بِإِقْرَارِكُمْ لِئَلَّا تَقُوْلُوْا أو تَقُوْلُوْا " مگر حضرت ابن عباس اور ابی بن کعب کا قول یہ ہے کہ "شَهِدْنَا" کا معنی یہ ہے کہ بنی آدم نے ایک دوسرے کو گواہ بنایا۔ اگر یہ "شَهِدْنَا" ملائکہ کا قول ہے تو "بَلٰی" پر وقف کیا جائے گا۔ اور اگر یہ بنی آدم کا قول ہے تو پھر "بَلٰی" پر وقف کرنا اچھا نہیں ہے۔[۲۵]

مترجمینِ قرآن علاماتِ وقف تجاذب پر وصل و فصل کے لیے کوئی مخصوص علامت تو متعین نہیں کرتے، البتہ ان کے ترجمہ میں رموز او قاف ہی ترجیح وقف کو واضح کرتی ہیں۔ درج بالا تراجم میں سے شاہ عبد القادر، احمد رضا، اشرف علی تھانوی، جونا گڑھی نے ترجمہ کرتے ہوئے "شہدنا" " پر وقف کیا ہے۔ جس سے یہ معنی ثابت ہوتا ہے کہ یہ گواہی بنی آدم نے ہی دی ہے؛ جب کہ مفتی محمد شفیع[۲۶] (۱۸۹۷ء-۱۹۷۶ء) نے یہاں ترجمہ کرتے ہوئے "بلی" کا ترجمہ "ہاں" کرتے ہوئے قومہ لگایا، پھر "شَهِدْنَا" کا ترجمہ کیا اور قومہ لگایا جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ وہ دونوں مقامات تجاذب پر وقف مباح سمجھتے ہیں۔ مگر تفسیر میں انھوں نے "شَهِدْنَا" سے مراد یہ لیا ہے کہ بنی آدم کے ہاں کہنے پر اللہ نے فرشتوں اور دیگر مخلوقات کو گواہ بنایا۔[۲۷] اہل حدیث مکتب فکر کے عالم عبد الرحمان کیلانی (۱۹۲۳ء-۱۹۹۵ء) کا ترجمہ بھی اسی مفہوم کو اپنے ضمن میں لیے ہوئے ہے۔ شمس الدین محمد بن احمد قرطبی نے بھی اس بات کی تصریح کی ہے کہ "أنْ تَقُوْلُوْا" کے معنی کا صحیح ابلاغ ہی تب ہوتا ہے جب "شَهِدْنَا" سے مراد اللہ تعالی اور فرشتوں کی گواہی مراد لی جائے۔

اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ تراجم میں اختلاف در حقیقت تفسیر اقوال میں اختلاف کی وجہ سے ہے اور انھیں اقوال کی بنیاد پر علامات وقف تجاذب لگائی گئی ہیں۔ یہ آیت ان مقامات میں سے ہے جہاں اگر وقف نہ بھی کیا جائے تو بھی معانی قرآن میں تحریف واقع نہیں ہوتی بلکہ صرف تفسیری قول کی تعیین ہوتی ہے۔

۲۵- ابو عبد اللہ محمد بن احمد القرطبی، **الجامع لأحكام القرآن** (قاہرہ: دار الكتب المصرية، ۱۹۶۴)، ۷: ۳۱۸۔

۲۶- دار العلوم دیوبند، انڈیا کے مایۂ ناز اساتذہ میں سے تھے۔ پاکستان آکر دار العلوم کراچی کی بنیاد رکھی، تحریک پاکستان میں بھی خدمات سر انجام دیں۔ آپ کی مشہور تفسیر کا نام **معارف القرآن** ہے۔

۲۷- مفتی محمد شفیع، **معارف القرآن** (کراچی: مکتبہ معارف القرآن، ۲۰۰۸ء)، ۴: ۱۰۸۔

مثال:۴

﴿اَلَمۡ یَاۡتِکُمۡ نَبَؤُا الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ ۬ؕ وَالَّذِیۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ ؕ لَا یَعۡلَمُہُمۡ اِلَّا اللّٰہُ ؕ﴾ (۲۸)

کیا نہیں پہنچی تم کو خبر ان کی ؟جو پہلے تھے تم سے قوم نوح کی،اور عاد اور ثمود۔ اور جو ان سے پیچھے ہوئے۔ان کی خبر نہیں، مگر اللہ کو	شاہ عبد القادر
کیا نہیں پہنچی تم کو خبر ان کی جو تم سے پہلے تھے قوم نوح کی اور عاد کی اور ثمود کی،اور ان کی جو ان کے بعد تھے نہیں جانتا کوئی ان کو سوائے اللہ کے	سر سید
کیا تمھیں ان کی خبریں نہ آئیں جو تم سے پہلے تھی نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور جو ان کے بعد ہوئے،انھیں اللہ ہی جانے	احمد رضا
(اے کفار مکہ) کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں یعنی قوم نوح (عَلَیہِ السّلام) اور عاد (قوم ہود (عَلَیہِ السّلام) اور ثمود (قوم صالح (عَلَیہِ السّلام) اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں جن کو بجز اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا	اشرف علی تھانوی
کیا تمھارے پاس تم سے پہلے کے لوگوں کی خبریں نہیں آئیں ؟یعنی قوم نوح کی اور عاد وثمود کی اور ان کے بعد والوں کی جنھیں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا	جونا گڑھی
کیا نہ آئیں تمھیں خبریں ان کی جو تم سے پہلے تھے قوم نوح اور عاد اور ثمود کی اور وہ جو ان کے بعد ہوئے۔نہیں جانتا انھیں مگر اللہ۔ آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ تو لے گئے وہ اپنے ہاتھ اپنے منہ میں اور بولے ہم منکر ہیں اس کے جس کے ساتھ تم بھیجے گئے اور ہم شک میں ہیں اس سے جس طرف تم ہمیں بلا رہے ہو وہ کھلی بات نہیں ہے۔	ابو الحسنات سید احمد قادری

اس آیت میں **﴿اَلَمۡ یَاۡتِکُمۡ نَبَؤُا الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ ۬ؕ وَالَّذِیۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ ؕ لَا یَعۡلَمُہُمۡ اِلَّا اللّٰہُ ؕ﴾** قابل غور ہے۔ "**ثَمُوۡدَ**" کے بعد معانقہ ہے اور "**وَالَّذِیۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ**" کے بعد معانقہ ہے۔ ان میں

۲۸- القرآن،۱۴: ۹۔

سے کسی ایک مقام پر وصل اور دوسرے مقام پر فصل کیا جائے تو تقدیر کلام یوں بنتا ہے۔

- اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ۬ وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ (لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ)
- اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ۬ (وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ)

آیت کا مفہوم یوں بنتا ہے کہ کیا تمھارے پاس ان لوگوں کی خبریں نہیں آئیں جو تم سے پہلے ہو گزرے یعنی قوم نوح، عاد و ثمود، اگر یہاں وصل کیا جائے تو معنی یہ بنتے ہیں کہ ’’کیا تمھارے پاس ان لوگوں کی خبریں نہیں آئیں جو تم سے پہلے ہو گزرے یعنی قوم نوح، عاد و ثمود اور ان کی جو ان کے بعد ہوئے۔ جن تمام کی تعداد کو اللہ ہی جانتا ہے۔ یعنی قوم نوح، عاد و ثمود اور ان کے مابعد لوگوں کی خبریں تو تم تک پہنچ چکی ہیں، مگر ان سب کی تعداد و نسب کو تو اللہ ہی جانتا ہے۔‘‘ اگر پہلے معانقہ پر فصل کیا جائے تو آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ ’’کیا تمھارے پاس ان لوگوں کی خبریں نہیں آئیں جو تم سے پہلے ہو گزرے یعنی قوم نوح، عاد و ثمود، اور جو ان کے بعد ہوئے ان کی تعداد کو اللہ ہی جانتا ہے، یعنی قوم نوح عاد و ثمود کے قصے تو تمھارے ہاں معروف ہیں، لیکن جو ان کے بعد ہوئے ان کی تعداد و نسب کے متعلق اٹکل پچو نہ لگاؤ، اللہ ہی ان کی تعداد و نسب کو جاننے والا ہے۔‘‘

علامہ قرطبی نے بھی یہی تصریحات بیان کی ہیں اور ان میں سے پہلے وقف پر فصل کرتے ہوئے معنی متعین کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

هو ابتداء خطاب من الله تعالى. وخبر قوم نوح وعاد وثمود مشهور قصه الله في كتابه. وقوله: ﴿وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ﴾ أي لا يحصي عددهم إلا الله، ولا يعرف نسبهم إلا الله والنّسابون وإن نَسَبوا إلى آدم فلا يدّعون إحصاء جميع الأمم، وإنما ينسبون البعض، ويمسِكون عن نسب البعض.[۲۹]

(یہ اللہ کی طرف سے خطاب کی ابتدا ہے۔ نوح، عاد اور ثمود کی قوم کی خبر مشہور ہے جسے اللہ نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔ اللہ کے فرمان: ﴿وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ﴾ کا مطلب یہ ہے کہ ان کی تعداد اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور ان کا نسب اللہ اور ماہرین انساب کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔ انھوں نے اگر آدم تک نسب بیان کیا بھی ہے تو وہ تمام قوموں کے نسب کا احاطہ کرنے کا دعویٰ نہیں کرتے، بلکہ بعض کا نسب بیان کرتے ہیں اور بعض کا نہیں۔)

۲۹۔ القرطبی، مصدر سابق، ۹: ۳۴۴۔

منتخب مترجمین میں سے سرسید احمد خان، جونا گڑھی اور ابو الحسنات سید احمد قادری (۱۸۹۶ء-۱۹۶۱ء) نے پہلے مقام پر فصل کیا ہے؛ جب کہ شاہ عبد القادر اور احمد رضا نے دونوں مقامات پر ہی وقف کی گنجائش دی ہے۔ مولانا اشرف علی تھانوی نے ایسے پیراگراف میں سلیس ترجمہ کیا ہے کہ جس سے دونوں معنی ہی ادا ہوتے ہیں اور وقف کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔

اس بحث سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ اس آیت میں علامات معانقہ پر وقف کرنا لازم نہیں ہوتا، بلکہ جس طرح وقفِ معانقہ / تجاذب کو برتنے میں یہ گنجائش ہے کہ جہاں مناسب ہو وہاں کسی ایک مقام پر فصل یا وصل کر لیا جائے اسی طرح وہ تراجم جن میں قاری کو بھی یہ سہولت دی گئی ہو کہ وہ جہاں چاہے وقف کرے یا وصل کرلے تو وہ بہتر ترجمہ کہلایا جاسکتا ہے۔

نتیجہ بحث

اس مقالے میں وقفِ تجاذب / تعانق کی حیثیت، وقوف میں اس کے مقام کو جاننے کے بعد قرآن کریم میں اس کے مقامات پر بحث کی گئی۔ ان مقامات میں سے پانچ مقامات پر مختلف اردو تراجم کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس جائزہ سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

- وقف تجاذب اور تعانق غیر الہامی علامت ہے۔ جس کا مقصد معانی قرآن کو درست رکھنا ہے۔
- قرآن کریم میں مقامات تجاذب کے حوالے سے قرا میں اختلاف ہے۔ اس اختلاف کی وجہ بھی تفسیری اختلافات ہیں۔ اس لیے یہ قطعی علامت وقف نہیں ہے۔
- ماہرین علوم القرآن نے اس وقف تجاذب کو وقف تام میں شمار کیا ہے؛ کیوں کہ اس میں قول کے دونوں اجزا ایک دوسرے سے مستغنی ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر ان علامات میں سے کسی پر وقف یا وصل کی رعایت نہ بھی کی جائے تو بھی درست معنی دیتا ہے۔
- دونوں مقامات وقف میں سے کسی ایک پر وصل اور دوسرے پر فصل یا پہلے پر فصل اور دوسرے پر وصل کی صورت میں اعراب قرآن پر فرق پڑتا ہے۔ جس سے معانی قرآن میں تنوع پیدا ہوتا ہے۔
- تفسیر اقوال میں اختلاف کی بنیاد پر علامات وقف تجاذب لگائی گئی ہیں۔ اس لیے دو مختلف مقامات پر وقف و وصل کی صورت میں صرف تفسیری قول کی تعیین ہوتی ہے۔

اس مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ وقف تجاذب / تعانق کی وجہ سے ترجمہ قرآن پر جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ معانی قرآن میں وسعت کا باعث بنتے ہیں۔ اندازہ یہ ہے کہ اگر اس مقالے میں **مستعمل** مقامات کے علاوہ دیگر مقامات وقف تجاذب / تعانق پر مختلف تراجم کا جائزہ لیا جائے تو بھی ایسے ہی نتائج مرتب ہوں گے، البتہ دیگر تمام مقامات وقف تجاذب / تعانق پر دیگر اردو تراجم کی روشنی میں دیکھنے کی رائے بھی دی جاتی ہے۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

List of Sources in Roman Script

- Badr al-Dīn, Zarkashī, Muhammad bin Abdullah Bahadur, *al-Burhān fī 'Ulūm 'l-Qur'ān*, Cairo: Maktabah Dar al-Turāth, 1984.
- Jazrī, Muhammad b. Muhammad, *al-Nashr fī 'l-Qira'āt 'l-'Ashr*, Beirut: Dar al-Kutub 'l-'ilmiya. S. N.
- Abdul Aziz bin Ali al-Ḥarbī, *Mu'āniqah fī al-Qur'ān 'l-Karīm*, in Mujalla Jāmi'at Umm al-Qurā li 'Uloom al-Sharī'ah wa al-Lughah al-'Arabiyyah wa 'Adābihā, 19:31, 1425 AH
- Ali Rāḍī, Abu-Zuraik, *Waqf 'l-Tajādhub* in "al-Mu'āniqah fī 'l-Qur'ān 'l-Karīm, http://abuzurayk.blogspot.com/2018/03/blog-post_26.html accessed on September 19, 2022.
- Jalāl al-Dīn al-Suyutī, Abdulrehman bin 'Abi Bakar, *al-'Itqān fī 'Ulūm 'l-Qur'ān*, al-Saudia al-Arabia: Wizārat al-shu'ūn al-Islāmiyyah wa al-Auqāf, al-Da'wah wa al-'Irshād.
- Shaykh Muhamad Makkī Nasar, *Nihāyat al-Qawl 'l-Mufīd fī 'Ilm 'l- Tajwīd*, Cairo: Maktabah al-Safa,1420.
- al-Ṭabarī, Muhammad bin Yazīd, *Jāmi' 'l-Bayān 'an Ta'wīl 'Āyah al-Qurān*, Beirut: Mu'assasah al-Risālah, 2000.
- al-Qurtubī, Abu Abdullah, Muhammad B. Ahmad, *al-Jāmi'u li 'Aḥkām 'l-Qur'ān*, Cairo: Dār al-Kutub al-Misriyyah,1964.
- Mufti Muhammad Shafi', *Mu'ārif 'l-Qur'ān*, Karachi: Ma' ārif al-Qurān, 2008 AD.